© rasailojaraid.com

# اطلاعات و اعلانات

## عظیم سانحہ

جماعتی احباب میں یہ خبر بڑے دکھ اور افسوس کے ساتھ پڑھی گئی ہے کہ محترم جناب پروفیسر یامین محمدی (رحمہ اللہ) داعی اجل کو لبیک کہتے ہوئے انتقال فرما گئے۔

"انا للہ وانا الیہ راجعون"

جونہی یہ اطلاع ادارہ جامعہ سلفیہ فیصل آباد پہنچی تو تمام اساتذہ جامعہ اور طلباء نے بڑے گہرے رنج و الم کا اظہار کرتے ہوئے ان کی خدمات جلیلہ پر زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ اور مرحوم کیلئے مغفرت اور بلندی درجات کی دعا کی۔

مولانا موصوف ایک نامور ادیب اور بلند پایہ خطیب اور مرکزی جمعیت اہلحدیث کے اکابرین میں سے تھے۔ جماعتی احباب کیلئے ان کا انتقال پرملال ایک عظیم سانحہ ہے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ کریم مولانا موصوف کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور ان کے لواحقین کو صبر جمیل سے نوازے اور جماعت کو ان کا بہترین خلف عطا کرے۔ آمین

## جامعہ سلفیہ کا اعزاز

۱۔ بفضل اللہ تعالیٰ امسال وفاق المدارس السلفیہ کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے امتحان برائے شہادۃ العالمیۃ ۱۹۹۲ء میں جامعہ سلفیہ فیصل آباد کے ہونہار طالب علم عتیق الرحمن رول نمبر ۶۰۱۹ نے ۸۰۰ میں سے ۶۶۰ نمبر حاصل کر کے ملک

باقی صفحہ ...

© rasailojaraid.com